1

# اخلاقیات

## جماعت اوّل



پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

# اَخلاقیات

# (ETHICS)

# 1

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بُک بورڈ، لاہور

جملہ حقوق بحق پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور محفوظ ہیں۔
تیار کردہ: پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپر، گائیڈ بکس،
خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

# فہرست عنوانات


| نمبر شمار | ابواب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | **مذاہب کا تعارف**<br>دُنیا کے مذاہب<br>کون کہاں عبادت کرتا ہے<br>مقدس کتابیں<br>رُوح یا آتما کو ماننا<br>مذہبی تعلیم و تربیت | 1- 9 |
| 2 | **اخلاقیات اور اقدار**<br>انسانی زندگی کا احترام<br>تعلیم اور صحت<br>اپنا اور دوسروں کا خیال رکھنا | 10-18 |
| 3 | **خُدا کے نیک بندے**<br>خداوند یسوع مسیح<br>مردِ خُدا، حضرت موسیٰ | 19-29 |
| ☆ | **فرہنگ** | 30 |


Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

**مؤلفین:** ☆ ڈاکٹر جمیل الرحمان ☆ مہر صفدر ولید ☆ شمس الرحمان

**ریویو کمیٹی:** ☆ ڈاکٹر کلیان سنگھ کلیان، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ کالج یونی ورسٹی، لاہور۔
☆ ڈاکٹر اشوک کمار، اسسٹنٹ پروفیسر، انچارج انسٹیٹیوٹ آف لینگویجز اینڈ لِنگوِسٹکس، یونی ورسٹی آف دی پنجاب، لاہور۔
☆ زکریا قمر، لیکچرر، (یونانی / لاطینی)، انسٹیٹیوٹ آف لینگویجز اینڈ لِنگوِسٹکس، یونی ورسٹی آف دی پنجاب، لاہور۔
☆ صائمہ وکٹوریہ، ٹیچر، علامہ پال ہائیر سیکنڈری سکول، یوحنا آباد، فیروز پور روڈ، لاہور۔

**ڈائریکٹر مسوّدات:** فریدہ صادق
**ڈپٹی ڈائریکٹر (آرٹ اینڈ ڈیزائن):** غلام محی الدین
**لے آؤٹ / ڈیزائننگ:** منال طارق
**کمپوزنگ:** عرفان شاہد
**ناشر:**
**مطبع:**
تجرباتی ایڈیشن

باب اوّل

# مَذاہِب کا تعارف

**تدریسی مقاصد**

**اس باب کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ**

-1 مذہب کے بارے میں سمجھ بوجھ حاصل کر سکیں۔

-2 مذاہب کے درمیان اچھے تعلق کو بیان کر سکیں۔

-3 مختلف مذاہب کی بنیادی تعلیمات سے واقف ہو سکیں۔

مذہب انسانوں کو اچھی زندگی گزارنے کے طور طریقے سکھاتا ہے۔ مذہب ہمیں سکھاتا ہے کہ کیا اچھّا ہے؟ اور کیا بُرا ہے؟ دُنیا میں بہت سے مَذاہِب ہیں۔ یہ مَذاہِب سکھاتے ہیں کہ ساری کائنات کا بنانے والا ایک ہی خدا ہے۔ ہمیں صرف اُسی کی عبادت کرنی چاہیے۔



خُدا نے سورج بنایا



خُدا نے چاند اور ستارے بنائے



خُدا نے پہاڑ بنائے



خُدا پھل اُگاتا ہے

Not for Sale

# دُنیا کے مَذاہِب

اِس دُنیا میں بَہُت سے مَذاہِب ہیں، جن میں سے کچھ یہ ہیں:

1- مَسیحیت

2- اِسلام

3- ہِندُو دھرم/ سناتن دھرم

4- سکھ مذہب

5- یہودیت

## دُنیا کے تمام مذاہِب کیا سکھاتے ہیں؟

تمام مَذاہِب سکھاتے ہیں:

☆ سب کا پیدا کرنے والا (خُدا، ایشور، بھگوان) ایک ہی ہے۔

☆ صرف اُسی کی پوجا (عبادت) کرنی چاہیے۔

☆ دوسرے انسانوں کی عزت کرنی چاہیے۔

☆ اچھّے کام کرنے چاہییں اور بُرے کاموں سے بچنا چاہیے۔

## کون کہاں عبادت کرتا ہے؟



مسلمان نماز ادا کرنے کے لیے مَسْجِد میں جاتے ہیں۔

**ہدایت برائے اساتذہ:**

طلبہ کو اوپر دیے ہوئے مذاہب کی تعلیمات کے بارے میں بتائیں۔

Web version of PCTB Textbook Not for Sale



مسیحی لوگ عبادت کے لیے گرجا گھر یا چرچ میں جاتے ہیں۔



ہندو پُوجا کے لیے مندر میں جاتے ہیں۔



سکھ پاٹھ صاحب، اَرداس اور ماتھا ٹیکنے کے لیے گوردوارہ میں جاتے ہیں۔

Not for Sale
of PCTB Textbook



یہودیوں کی عبادت والی جگہ کو ہیکل کہا جاتا ہے۔

## تمام مَذاہِب کی اہم باتیں

تمام مَذاہِب میں کچھ ضروری باتیں یہ ہیں:


- ☆ اپنے سچّے خدا پر بھروسا رکھیں۔
- ☆ اپنے مذہب کی کتاب میں جن باتوں کا حکم دیا گیا ہے، اُن پر عمل کریں۔
- ☆ اپنے خُدا سے دعا / پرارتھنا / اَرداس کرتے رہیں۔
- ☆ دُکھوں اور مصیبتوں کو برداشت کریں۔
- ☆ خُدا کی ذات کے بارے میں شک نہ کریں۔

**ہدایت برائے اساتذہ:**


طلبہ کو آسان زبان میں تمام عبادت گاہوں کے بارے میں مَتن سے ہٹ کر معلومات دیں۔

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

## مقدّس کتابیں




مسلمانوں کی مقدّس کتاب قرآنِ مجید ہے، جوکہ عربی زبان میں نازل ہوئی۔




بائبل (انجیل مقدّس) مسیحیوں کی مقدس کتاب ہے۔

یہ کتاب عبرانی زبان میں ہے۔




ہندُو دھرم میں قدیم مذہبی تحریروں کو وید کہا جاتا ہے۔ بھگوت گِیتا ہندوؤں کی کتاب ہے۔


یہ کتاب سنسکرت زبان میں ہے۔

Version of PCTB Textbook
Not for Sale



سکھ مذہب کی مقدس کتاب سری گورو گرنتھ صاحب ہے۔

یہ پنجابی زبان (گرو مکھی رَسم الخط) میں ہے۔




یہودیوں کی مقدّس کتاب تناخ کہلاتی ہے۔ یہ عبرانی زبان میں نازل ہوئی۔

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

## روح یا آتما کو ماننا

تمام مذاہب یہ بتاتے ہیں کہ انسانوں میں روح ہوتی ہے، جسے ہندو دھرم اور سکھ مذہب میں آتما کہا جاتا ہے۔ سب مذاہب کے لوگوں کا عقیدہ ہے کہ روح کبھی نہیں مرتی۔

**ہدایت برائے اساتذہ:**

طلبہ کو آسان زبان میں مذہبی کتابوں اور رُوح یا آتما کے بارے میں بتائیں۔

# خُدا اور انسانوں کے درمیان رابطہ

ہر مذہب میں سب سے ضروری اُن نیک بندوں کو ماننا ہوتا ہے جن کے ذریعے سے خُدا کا پیغام انسان تک پہنچتا ہے۔

ان نیک بندوں کو:

- ☆ پیغمبر
- ☆ نبی
- ☆ اوتار
- ☆ گورو کہا جاتا ہے۔

# مذہبی تعلیم و تربیت

خُدا کے یہ نیک بندے خُدا کا پیغام انسانوں کو نہایت آسان زبان اور طریقوں سے سکھاتے ہیں۔

اُن کی تعلیم میں:

- ☆ حُکم
- ☆ رَسُمیں
- ☆ عبادتیں
- ☆ صفائی
- ☆ زندگی گزارنے اور اچھا انسان بننا کا علم (گیان) ہوتا ہے۔

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

# مشق

## (الف) سوالات کے جواب تحریر کریں:

1- مذہب کیا ہے؟

2- مذہب کیا سکھاتا ہے؟

3- ساری کائنات کس نے بنائی؟

4- گوروکسے کہتے ہیں؟

5- تین مذہبی کتابوں کے نام لکھیں۔

## (ب) مثال کے مطابق کالم (الف) میں دیئے گئے الفاظ کو کالم (ب) میں دیئے گئے الفاظ سے ملائیں:

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| مُسلم | ہیکل |
| سکھ | مندر |
| یہودی | چرچ/گرجا |
| مَسیحی | مَسجِد |
| ہِندُو | گوردوارہ |

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

## (ج) دُرُست جواب پر دائرہ لگائیں:

1- مسیحیوں کی کتاب کا نام ہے:

(الف) گوروگرنتھ صاحب (ب) بائبل

(ج) تناخ (د) قرآن مجید

2- ویداور بھگوت گیتا زبان میں ہے:

(الف) عبرانی زبان میں
(ب) یونانی زبان میں
(ج) سنسکرت زبان میں
(د) پنجابی زبان میں

3- سب مذہب ہمیں سکھاتے ہیں:

(الف) لڑائی کرنا
(ب) جھوٹ بولنا
(ج) نیکی کرنا
(د) برائی کرنا

4- مذہبی تعلیم ہمیں سکھاتی ہے:

(الف) فساد
(ب) بُرے طریقے
(ج) نفرت
(د) معاشرتی اصول

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

## سرگرمیاں:

1- سب بچّے اپنے اپنے مذہب کی کوئی سی اچھّی پانچ باتیں بتائیں۔
2- تمام بچے آپس میں مِل کر ایک دوسرے کے مذہب کے بارے میں گُفت گُو کریں۔

## ہدایات برائے اَساتذہ کرام:

1- طلبہ کو انسان کی زندگی میں مذہب کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔
2- ہر عنوان کو بار بار دُہرائیں تا کہ طلبہ کو اچھی طرح ذہن نشین ہو جائے۔

باب دوم

# اَخلاقیات اور اَقدار

**تدریسی مقاصد**

**اس باب کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ**

1- اَخلاقی اَقدار کی سمجھ بُوجھ حاصل کر سکیں۔

2- انسانوں کے حُقوق اور فرائض سے واقف ہو سکیں۔

3- تعلیم حاصل کرنے کی اہمیّت سمجھ سکیں۔

4- اپنا اور دُوسرں کا خیال رکھنے کی اہمیّت سے آگاہ ہو سکیں۔

Web version of PCTB
Not for Sale

## اَخلاقی اَقدار:

اَخلاقی اَقدار سے مُراد وہ تمام اُصول ہیں جو انسان کو بہتر انسان بننے میں مدد دیتے ہیں۔ اَخلاقی اَقدار ہر فرد کی زندگی سے منسلک ہوتے ہیں۔ چند اَخلاقی اَقدار یہ ہیں:

☆ دوسرے انسانوں کا احترام کرنا

☆ اَمن سے رہنا

☆ دُوسروں کے ساتھ اچھّا سُلوک کرنا

☆ کسی کو تکلیف نہ دینا

☆ ایمانداری کا مظاہرہ کرنا

☆ انصاف کرنا

☆ دُوسروں کے کام آنا

☆ دُوسروں کے مذہب اور عقائد کا احترام کرنا

☆ صفائی کا خیال رکھنا وغیرہ

# انسانی زندگی کا احترام



دُنیا کے تمام مَذاہِب :

☆ اپنی اور دُوسروں کی زندگی کی حفاظت اور احترام کرنے کی تعلیم دیتے ہیں۔

☆ دُوسروں کے حُقُوق کا خیال رکھنے کی تعلیم دیتے ہیں۔

☆ ماں باپ، بہن بھائی، رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے حُقُوق پر زور دیتے ہیں۔

☆ اَخلاق کو اچھّا بنانے کی ترغیب دیتے ہیں۔



**ہمیں زندگی کی حفاظت اور قَدر کرنی چاہیے، مثال کے طور پر:**

☆ بیمار ہو جائیں تو فوراً کسی اچھے ڈاکٹر سے علاج کرائیں۔

☆ ہمیشہ اپنے جسم کو صاف ستھرا رکھیں۔

☆ روزانہ نہائیں۔

☆ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھوئیں۔

☆ دانتوں کی صفائی روزانہ کریں۔

☆ صاف سُتھرا لباس پہنیں۔

☆ روزانہ صُبح سویرے سیر کریں۔



**ہدایت برائے اساتذہ:**

طلبہ کو کسی کہانی کے ذریعے اَخلاقی اَقدار کے بارے میں مزید بتائیں، جیسا کہ نیک اور ایماندار لکڑ ہارے کی کہانی وغیرہ۔

PCTB Textbook for Sale



## حُقُوق اور فرائض

تمام انسان پیدائشی طور پر برابر ہیں۔ انسان کو معاشرے میں بَہُت سے حُقُوق حاصل ہوتے ہیں، جیسے:

- ☆ زندہ رہنے کا حق
- ☆ مذہبی آزادی کا حق
- ☆ تعلیم کا حق
- ☆ رہائش کا حق
- ☆ ملازمت کا حق وغیرہ۔

**ہدایت برائے اساتذہ:**

طلبہ کو حقوق اور فرائض سے آگاہ کریں۔

Web version of PCTB Not for Sale



انسان کے ذمّے کچھ فرائض بھی ہوتے ہیں، جنھیں وہ ادا کرتا ہے، مثلاً:

- ☆ والدین کا خیال رکھنا۔
- ☆ اساتذہ کرام کا احترام کرنا۔
- ☆ پڑوسیوں اور رشتے داروں کے حقوق ادا کرنا۔
- ☆ دُوسرے انسانوں کے مذہب، رنگ و نسل، خاندان کی عزت کرنا۔
- ☆ ہر انسان کو برابری دینا۔

## تعلیم

- ☆ تعلیم کے معنی سیکھنے کے ہیں۔
- ☆ تعلیم حاصل کرنا ہر انسان کے لیے ضروری ہے۔
- ☆ تعلیم ہر انسان کے لیے فائدہ مند ہے۔

**ہدایت برائے اساتذہ:**

طلبہ کو تعلیم حاصل کرنے کے فائدے بتائیں۔

Web version of PCTB
Not for Sale

☆ تعلیم ہی انسان اور حیوان میں فرق کرنا سکھاتی ہے۔

☆ اچھّی اور کامیاب زندگی گزارنے کے لیے تعلیم حاصل کرنا ضروری ہے۔

## تعلیم کے انسانی کردار پر اثرات:

☆ تعلیم انسان کے اَخلاق و کردار پر اچھّا اثر ڈالتی ہے۔

☆ تعلیم کے ذریعے ملک و قوم کی ترقی میں مدد ملتی ہے۔

☆ تعلیم کے ذریعے بچّے آداب سیکھتے ہیں۔

☆ تعلیم کے ذریعے انسان اپنے حقوق و فرائض سے آگاہ ہوتا ہے۔

Textbook




سکول

**ہدایت برائے اساتذہ:**

طلبہ کو کسی نظم یا کہانی کے ذریعے تعلیم حاصل کرنے کے فائدے بتائیں۔

# صحّت:

- ☆ اگر ہم صحّت مند ہیں تو وہ ہر کام کر سکتے ہیں۔
- ☆ صحّت مند انسان ہی معاشرے کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔
- ☆ صحّت مند معاشرے سے ہی صحت مند قوم بنتی ہے۔
- ☆ صحّت مند رہنے سے ہم زندگی کا بھرپور مزہ اُٹھا سکتے ہیں۔




ہسپتال

**ہدایت برائے اساتذہ:**

طلبہ کو موجودہ حالات اور وبا (کورونا وائرس) سے بچنے کے بارے میں ہدایات دیں۔

## اپنا اور دوسروں کا خیال رکھنا:



☆ ہمیں اپنے چھوٹوں پر شفقت اور بڑوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

☆ ہمیں صحّت مند رہنے کی اچھی عادات اپنانی چاہییں ۔


**اپنا خیال رکھنے کے لیے درج ذیل کام کریں:**

☆ مُنھ ہاتھ دھوئیں، غسل کریں۔ اس سے جسم صاف ہو جاتا ہے۔



☆ وقت پر کھانا کھائیں۔ وقت پر کھانے سے انسان صحت مند رہتا ہے۔

☆ ہمیں پرندوں اور پالتو جانوروں کا بھی خیال رکھنا چاہیے، پرندوں کو دانہ دُنکا اور پانی وغیرہ ڈالنا چاہیے۔



☆ ورزش کریں۔ ورزش کرنے سے انسان چُستُ اور صحّت مند رہتا ہے۔

ورزش کرتے ہوئے بچّے

☆ رات کو جلدی سوئیں اور صُبح جلدی اُٹھیں۔



جلدی سونے کی عادت

## مشق

### (الف) سوالوں کے جواب تحریر کریں:

1- ہم زندگی کی حفاظت اور قدر کیسے کر سکتے ہیں؟ بیان کریں۔

2- اپنا خیال رکھنے کے لیے ہمیں کون سے کام کرنے چاہییں۔

3- تعلیم کے انسانی زندگی پر تین اثرات بیان کریں۔

### (ب) مختصر جوابات لکھیں:

1- اخلاقی اقدار سے کیا مراد ہے؟

2- انسان کے کوئی سے دو حُقُوق تحریر کریں۔

3- تعلیم حاصل کرنا کیوں ضروری ہے؟

### (ج) درست جواب کی نشان دہی کریں:

1- ورزش کرنے سے انسان ہو جاتا ہے:

(الف) چُستُ　　(ب) سُستُ

(ج) غریب　　(د) امیر

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

2- کسی کو تنگ کرنا:

(الف) اچھّی بات ہے　(ب) بُری بات ہے

(ج) حق ہے　(د) فرض ہے

3- اگر ہم بیمار ہو جائیں تو جاتے ہیں:

(الف) اُستاد کے پاس　(ب) انجینئر کے پاس

(ج) ڈاکٹر کے پاس　(د) دُکان دار کے پاس

## (د) صحیح جملے کے سامنے (ص) اور غلط جملے کے سامنے (غ) لکھیں:

1- مذہب انسان کے اَخلاق کو اچھا بناتا ہے۔ (　)

2- دانتوں کی صفائی روزانہ نہیں کرنی چاہیے۔ (　)

3- تمام انسان پیدائشی طور پر برابر ہیں۔ (　)

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

باب سوم

# خُدا کے نیک بنُدے

**تدریسی مقاصد**

**اس باب کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ**

1- خُدا کی طرف سے بھیجے گئے نیک بندوں کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔

2- مسیحیت کے بارے میں ابتدائی معلومات حاصل کر سکیں۔

3- یہودیت کے بارے میں ابتدائی معلومات حاصل کر سکیں۔

Version of PCTB Te
Not for Sale

## خُداوند یسوع مسیح

### تعارف

خداوند یسوع مسیح کو مذہب اسلام میں حضرت عیسیٰ بھی کہا جاتا ہے۔ یسوع کے معنی ہیں نجات دینے والا۔ آج سے قریباً دو ہزار سال پہلے خداوند یسوع مسیح پیدا ہوئے۔



بیت اللحم میں خداوند یسوؔع مسیح کی جائے ولادت

## پیدائش:

خُداوند یسوع مسیح کا یومِ پیدائش 25 دسمبر کو منایا جاتا ہے۔ وہ بغیر انسانی باپ کے مقدّسہ مریم سے پیدا ہوئے، اِس لیے مذہب اسلام میں اُنھیں اِبنِ مریم بھی کہا جاتا ہے۔

## مسیحیت کا آغاز:

تمام بنی نوع انسان کی نجات کے لیے خداوند یسوع مسیح نے صلیب پر جان دی اور پھر تیسرے روز مُردوں میں جی اُٹھے اور اپنے شاگردوں کو دکھائی دیے۔ مسیحیت کا آغاز خُداوند یسوع مسیح کے آسمان پر زندہ اُٹھائے جانے کے بعد روح القدُس کے نزول کے بعد ہوا۔ خُداوند یسوع مسیح کے ماننے والوں کو مسیحی اور ان کے دین کو مسیحیت کہا جاتا ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

مسیحیت کے ماننے والے دُنیا میں سب سے زیادہ ہیں۔

## تبلیغ کا آغاز:

خُداوند یسوع مسیح نے تیس سال کی عمر میں تبلیغ کرنا شروع کی۔ آپ نے لوگوں سے فرمایا:

توبہ کرو کیونکہ آسمان کی بادشاہی نزدیک آگئی ہے۔

## معجزات:


☆ خُداوند یسوع مسیح بیماروں کو شفا دیتے۔

☆ کوڑھیوں کو پاک صاف کرتے۔

☆ مُردوں کو زندہ کر دیتے تھے۔

☆ آپ کے حکم سے طوفان بھی رُک جاتے تھے۔

Web version PCTB Textbook Not for sale



انجیل مقدس

## مسیحیت کی مقدس کتاب:

مسیحیت کی مذہبی کتاب بائبل (انجیل) مقدس ہے ۔اس مقدس کتاب میں خداوندیسوع مسیح کی تعلیم اوراحکام شامل ہیں۔

## خُداوندیسوع مسیح کی تعلیمات:

آپ کی انسانوں سے محبت اور تعلیمات سے ساری دنیا واقف ہے۔اگر آپ کی تعلیمات اورآپ کے نمونہ پر عمل کیا جائے، تومحبت اوررحم دلی عام ہوگی ،نفرت ،ظُلم اور جہالت کا خاتمہ ہوگا۔خداوندیسوع مسیح کی تعلیمات میں سے چند ایک یہ ہیں:

- ☆ خُدا کو ہر چیز سے زیادہ محبوب رکھو۔
- ☆ ماں باپ کی عزّت کرو۔
- ☆ اپنے پڑوسی سے محبت کرواوراُس کا خیال رکھو۔
- ☆ لوگوں کودکھانے کے لیے نیک کام مت کرو۔
- ☆ مال ودولت کا لالچ نہ کرو۔

## مسیحی عقائد:

- ☆ مسیحی ایک خُدا کو مانتے ہیں۔
- ☆ نجات پانے کے بعد نیک کام کرنا ضروری ہیں۔
- ☆ قیامت کے دن لوگوں کو جزا اورسزا ملے گی۔

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

# مشق

## (الف) سوالوں کے جواب تحریر کریں:

1- خداوند یسوع مسیح کی پیدائش کب ہوئی؟

2- خداوند یسوع مسیح کی والدہ کا کیا نام ہے؟

3- یسوع کے معنی لکھیں۔

4- مسیحیت کی مذہبی کتاب کا نام تحریر کریں۔

## (ب) دُرست جواب کی نشان دہی کریں:

1- خداوند یسوع مسیح نے تبلیغ کرنا شروع کی:

(الف) بیس سال کی عمر میں
(ب) پچیس سال کی عمر میں
(ج) تیس سال کی عمر میں
(د) پینتیس سال کی عمر میں

2- یسوع مسیح کا یوم پیدائش منایا جاتا ہے:

(الف) 25 دسمبر کو
(ب) 26 دسمبر کو
(ج) 27 دسمبر کو
(د) 28 دسمبر کو

3- یسوع کے معنی ہیں:

(الف) حکومت کرنے والا
(ب) رحم دِلی کرنے والا
(ج) سزا دینے والا
(د) نجات دینے والا

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

(ج) صحیح جملے کے سامنے (ص) اور غلط جملے کے سامنے (غ) لکھیں:

1- خداوند یسوع مسیح کے ماننے والوں کو مسیحی کہتے ہیں۔ (   )

2- نجات پانے کے بعد نیک کام کرنا ضروری نہیں ہیں۔ (   )

3- قیامت کے دن لوگوں کو جزا اور سزا ملے گی۔ (   )

## سرگرمیاں:

1- طلبہ گروپ کی صورت میں مسیحیت کا تعارف کرائیں۔

2- کرسمس پر ہونے والی تقریبات کی تصویری ٹک بنائیں۔

## اساتذہ کے لیے ہدایات:

1- خداوند یسوع مسیح کی تعلیمات کے بارے میں طلبہ کو آگاہ کریں۔

2- مسیحیوں کے مذہبی تہواروں کے بارے میں طلبہ کو بتائیں۔

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

# مردِ خُدا، حضرت موسیٰ:

حضرت موسیٰ کا تعلق حضرت یعقوب کے خاندان سے تھا۔حضرت یعقوب بھی خدا کے نبی تھے۔حضرت موسیٰ کو خدا نے یہودی قوم کی راہنمائی کے لیے بھیجا۔

## پیدائش:

حضرت موسیٰ مصر میں پیدا ہوئے۔اُس وقت مصر کا بادشاہ فرعون تھا۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

- ☆ حضرت یعقوب کو اسرائیل بھی کہا جاتا ہے۔اُن کی اولاد بنی اسرائیل کہلائی۔
- ☆ حضرت یعقوب کے بارہ بیٹے تھے۔اُن میں سے یہودہؔ کی اولاد یہودی کہلائی۔

## والدہ کا ٹوکری/صندوق میں رکھ کر دریا میں بہانا:

آپ کی پیدائش کے بعد آپ کی والدہ نے آپ کو ٹوکری/صندوق میں رکھ کر دریائے نیل میں بہا دیا۔اس وقت کے بادشاہ فرعون نے حکم دے رکھا تھا کہ ہر پیدا ہونے والے لڑکے کو قتل کر دیا جائے۔فرعون کی بیوی آسیہ نے حضرت موسیٰ کو ٹوکری/صندوق میں دیکھا تو وہ آپ کو اپنے محل میں لے گئی۔

## پرورش:

حضرت موسیٰ کی پرورش فرعون کے محل میں ہوئی۔آپ نے چالیس سال وہاں گزارے۔

## شادی:

حضرت موسیٰ نے اپنا وطن مصر چھوڑ دیا۔انھوں نے مِدیان کے علاقے میں دولڑکیوں کے جانوروں کو پانی پلایا۔بعد میں اُنھی میں سے ایک لڑکی (صفورہ) کے ساتھ آپ کی شادی ہوئی۔

**ہدایت برائے اساتذہ:**

طلبہ کو حضرت موسیٰ کی زندگی پر بنی کسی فلم کے بارے میں بتائیں۔

Web version of PCTB textbook
Not for Sale

## حضرت موسیٰ کے معجزے

### 1- عصا کا سانپ بننا:

حضرت موسیٰ کو حکم ہوا کہ اپنا عصا زمین پر پھینک دیں۔ عصا سانپ بن گیا۔ دوبارہ اٹھانے کا حکم ہوا، تو وہ عصا ہی تھا۔

### 2- ہاتھ روشن ہونا:

اس کے بعد آپ کو حکم آیا کہ اپنا ہاتھ اپنی بغل میں رکھیں، جب بغل سے ہاتھ نکالا تو وہ چمک رہا تھا۔ غیبی آواز آئی، اور کہا کہ یہ تمہارے رب کی نشانیاں ہیں۔

### فرعون کو خُدا کی طرف بلانا:

حضرت موسیٰ کو حکم دیا گیا کہ فرعون کے پاس جا کر اسے خُدا کی طرف بلائیں۔ آپ فرعون کے دربار میں گئے اور اسے خُدا کا پیغام پہنچایا۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

فرعون کسی خاص شخص کا نام نہیں ہے۔ مصر کے بادشاہوں کا لقب فرعون تھا۔

### مذہبی کتاب:

حضرت موسیٰ پر کتاب توریت (Torah) نازل ہوئی۔ یہ یہودیوں کی مذہبی کتاب ہے۔

### خُدا کی طرف سے مصر پر آفات نازل ہوئیں:

خُدا کے حکم کے مطابق حضرت موسیٰ کے ذریعے خُدا نے عذاب نازل کیا۔

(بائیبل مقدّس میں خروج کی کتاب کا مطالعہ کریں۔)

☆ پانی خُون بن گیا　　☆ مینڈک آ گئے

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

☆ مچھر آ گئے ☆ مویشی مرنے لگے

☆ پھوڑے، پھنسیاں نکلنے لگے ☆ مصر پر اولے برسے

## حضرت موسیٰ کو مصر سے چلے جانے کا حکم اور فسح کی عید:

حضرت موسیٰ کو خدا کا حکم ہوا کہ وہ مصر سے چلے جائیں۔ آپ اپنی قوم کو لے کر راتوں رات مصر سے چلے گئے۔ یہ دِن اسرائیل قوم کے لیے فسح کی عید اور خوشی کا دن بن گیا۔

**اہم معلومات:**

☆ اہرامِ مصر کا شمار دُنیا کے عجائبات میں ہوتا ہے۔

☆ یہ اہرام مقبروں کی شکل کے بنے ہوئے ہیں جو فرعونوں نے بنوائے تھے۔


☆ ان اہراموں کو فرعونوں کی تصویروں اور دیوتاؤں کے مجسموں سے سجایا جاتا تھا۔



اہرامِ مصر (فرعونوں کے بنائے ہوئے مقبرے)

## فرعون کا پیچھا کرنا:

فرعون نے حضرت موسیٰ اور ان کی قوم اسرائیل کا پیچھا کیا۔آپ نے خُدا کے حکم سے اپنا عصا سمندر میں مارا تو سمندر دو حصوں میں تقسیم ہو گیا اور خُدا کے نبی اور اُن کی قوم کو راستہ مل گیا۔جب فرعون اپنے لشکر کے ساتھ گزرنے لگا تو وہ سمندر میں ڈوب گئے۔اس واقعہ سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ جب ظلم حد سے بڑھ جاتا ہے تو خدا مظلوم کی ضرور مدد کرتا ہے۔



بحیرہ قلزم وہ سمندر جس میں فرعون اپنے لشکر کے ساتھ ڈوب گیا

## حضرت موسیٰ کی تعلیمات:

خدا نے حضرت موسیٰ کو اپنی کتاب توریت میں دس احکامات دیے۔ان میں سے کچھ یہ ہیں:

- ☆ صرف خُدا کی عبادت کرو۔
- ☆ اپنے باپ اور اپنی ماں کی عزت کرو۔
- ☆ کسی کا خون نہ بہاؤ۔
- ☆ چوری نہ کرو۔
- ☆ اپنے پڑوسی کے خلاف جھوٹی گواہی نہ دو۔

## مشق

### (الف) سوالوں کے جواب تحریر کریں:

1- حضرت موسیٰ کی پیدائش کے بارے میں بتائیں۔

2- حضرت موسیٰ کی پرورش کیسے ہوئی؟

3- حضرت موسیٰ کس بادشاہ کے دربار میں گئے؟

4- فرعون اور اس کا لشکر کیسے ڈوبا؟

### (ب) دُرست جواب کی نشان دہی کریں:

1- حضرت موسیٰ پیدا ہوئے:

(الف) ایران میں　(ب) مصر میں

(ج) اُردن میں　(د) سعودی عرب میں

2- حضرت موسیٰ کی پیدائش کے بعد آپ کی والدہ نے آپ کو ٹوکری/صندوق میں رکھ کر بہا دیا:

(الف) سمندر میں　(ب) ندی میں

(ج) دریا میں　(د) نہر میں

3- حضرت موسیٰ نے فرعون کے محل میں گزارے:

(الف) دس سال　(ب) بیس سال

(ج) تیس سال　(د) چالیس سال

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

(ج) صحیح جملے کے سامنے (ص) اور غلط جملے کے سامنے (غ) لکھیں:

1- حضرت موسیٰ نے فرعون کے محل میں پرورش پائی۔ ( )

2- فرعون رحم دل بادشاہ تھا۔ ( )

3- حضرت یعقوب کا دوسرا نام اسرائیل تھا۔ ( )

## سرگرمیاں:

1- طلبہ یہودیت کی تعلیمات کی ایک فہرست بنائیں اور اپنے اپنے ساتھی طلبہ کو دکھائیں۔

2- حضرت موسیٰ پر ایک پیراگراف لکھیں۔

## اساتذہ کے لیے ہدایات:

1- طلبہ کو حضرت موسیٰ کی زندگی کے بارے میں ایک کہانی کی صورت میں بتائیں۔

2- طلبہ کو یہودی مذہب سے رُوشناس کرائیں۔

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale


# فرہنگ

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| مذہب | زندگی گزارنے کا طریقہ | آغاز | ابتدا،شروع |
| ارتقا | مرحلہ وار | تصور | سوچ،خیال |
| مظاہر | نشانیاں،علامتیں | فطرت | قدرت |
| قدیم | پرانا | معبود | جس کی عبادت کی جائے |
| روح | جان | غیر فانی | ہمیشہ رہنے والا |
| ہستی | شخصیت/ ذات | اخوت | دوستی، بھائی بنانا |
| پیروی کرنا | پیچھے چلنا | جانشین | نائب |
| احسان | نیکی ،اچھا سلوک | مؤدب | ادب کرنے والا |
| ایمانداری | صحیح کام کرنا | جرأت مندی | بہادری |
| سچائی | صحیح / سچ | صلہ | بدلہ |
| بعثت | نبی بننے کا عمل/ رسالت | صادق | سچا |
| امین | امانت رکھنے والا | مشترک | اکٹھا کرنا |
| اخلاق | اچھا برتاؤ | بد دیانتی | خیانت |
| اقدار | اصول،معیار | اصلاح | درستی |

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

# کتابیات

-1 بائبل مقدس، پاکستان بائیبل سوسائٹی، لاہور
-2 کلامِ مقدس، کاتھولک بائیبل کمیشن، لاہور
-3 احمد عبداللہ، مذاہب عالم، کراچی
-4 خان محمد چاولہ، فلسفہ اور اسلام، علمی کتب خانہ، لاہور
-5 عمادالحسن فاروقی، دُنیا کے بڑے مذاہب، لاہور
-6 لوئیس مور، (مترجم یاسر جواد، سعدیہ جواد)، مذاہب عالم کا انسائیکلو پیڈیا، نگارشات، لاہور۔



# قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد باد — کِشورِ حسین شاد باد
تُو نِشانِ عزمِ عالی شان — ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سَرزمین کا نِظام — قُوّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم ، مُلک ، سلطنت — پایندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مُراد

پَرچمِ ستارہ و ہِلال — رہبرِ ترقّی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال — جانِ اِستقبال
سایۂ خدائے ذُوالجلال

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور